پریس ریلیز

9 مارچ، 2021

کسانوں کی مالی مدد کے ڈیری فنانسنگ پراجیکٹ کے لئے دی بینک آف پنجاب اور فوجی فوڈز لمیٹڈ کے درمیان معاہدہ

لاہور: بینک آف پنجاب (BOP) اور فوجی فوڈز لمیٹڈ (FFL) نے بروز منگل ڈیری فارمرز کو آسان قرضوں کی فراہمی کے لئے پنجاب روزگار سکیم کے ایک حصے کے طور پر اور پرائم منسٹر کامیاب جوان سکیم میں توسیع کی خاطر معاہدے پر دستخط کئے۔

اس معاہدے کے تحت، BOP نے FFL سے منسلک ڈیری فارمرز کو آسان فنانسنگ کی یقین دہانی کروائی۔ یہ قرضے کسانوں کو نرم شرائط اور کم مارک اپ ریٹس کے ساتھ دیے جائیں گے جس سے وہ اپنے موجودہ ڈیری فارمنگ کے کاروبار کو جدت اور توسیع دیں گے۔
بی او پی گروپ ہیڈ ریٹیل اینڈ پیرا ورٹی سیکٹرز لنڈنگ آصف ریاض اور ایف ایف ایل کے سی ای او عباد خالد نے دونوں اداروں کی سنئیر مینجمنٹ، صوبہ بھر سے آئے ہوئے ڈیری فارمرز اور دیگر معززین کی موجودگی میں معاہدے پر دستخط کئے۔

اس موقع پر جناب آصف ریاض نے کہا، ''بی او پی نہ صرف یہ قرضے وفاقی حکومت کی پرائم منسٹر کامیاب جوان سکیم اور صوبائی حکومت کی پنجاب روزگار سکیم کے تحت دے گا بلکہ اس کے ساتھ ساتھ ڈیری فارمنگ کے علاوہ زراعت سے متعلقہ دوسرے کاموں کے لئے بی او پی کے ذاتی ذرائع کے ذریعے بھی مالی مدد کرے گا جس سے نوجوانوں کو اپنے کاروبار کے ذریعے خود مختار بنانے کا حکومت کا ویژن پورا ہوگا۔''

ایف ایف ایل کے سی ای او عباد خالد نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا، ''عوامی مفاد میں اٹھائے جانے والے اس قدم کا حصہ بن کر ہمیں خوشی ہوئی ہے جو لازمی طور پر کام کی شروعات کرنے والے اور چھوٹے پیمانے پر کام کرنے والی ڈیری فارمنگ کمیونٹی کی مدد کرے گا۔''

انہوں نے روایتی ڈیری فارمرز کی حوصلہ افزائی کہ وہ بی او پی کی اس سہولت سے فائدہ اٹھائیں اور اپنے ڈیری انفراسٹکچر میں جدت لائیں۔